Advocates for Children of New York
Protecting every child's right to learn

خصوصی تعلیمی بحالی کی سروسز

COVID کے دوران متعدد معذور طلبہ کو اسکول میں آگے بڑھنے میں مشکل وقت کا سامنا کرنا پڑا اور دوبارہ درست ڈگر پر آنے کے لیے انہیں اضافی معاونتیں اور سروسز درکار ہیں۔ *NYC DOE IEP کے حامل ان طلبہ کے لیے تخصیص کردہ خصوصی تعلیمی بحالی کی سروسز (Special Education Recovery Services) ("SERS") پیش کر رہا ہے، جو NYC DOE اسکولوں میں جاتے ہیں۔*

کس قسم کی سروسز دستیاب ہیں؟

سروسز اسکولوں کے لحاظ سے مختلف ہوتی ہیں۔ ان میں بالعموم، خصوصی تعلیمی ٹیچر کی معاونتی سروسز ("SETSS")یا چھوٹے گروہ کی تعلیم و تدریس اور اس سے متعلقہ سروسز مثلاً جسمانی، پیشہ ورانہ اور بول چال کی تھیراپی شامل ہوتی ہیں۔ SERS 8 تا 10 ہفتوں کے ادوار پر مشتمل ہوتی ہیں اور ان کا آغاز سال کے آخر ہوا۔ اسکول اس صورت میں طلبہ کو SERS کے ایک سے زائد دور کی پیشکش کر سکتے ہیں کہ اگر اسکول کو لگے کہ طالب علم کو مزید سروسز درکار ہیں۔

DOE نے اسکولوں کو آگاہ کیا کہ پہلے دور کے لیے زیادہ تر طلبہ کی SERS سروسز SETSS کے 10-20 گھنٹے اور طلبہ کے لیے ان کی ضرورت کی سطح کے پیش نظر ہر متعلقہ سروس کے 5-10 گھنٹے کے دورانیے پر مشتمل ہونی چاہیئیں۔

آپ کے بچے کے اسکول کو سال کے آخر یا موسمِ سرما کے آغاز میں آپ سے رابطہ کرنا چاہیئے تھا تاکہ اس حوالے سے تبادلہ خیال کیا جاتا کہ آپ کے بچے کو کیا کیا درکار ہے اور اسکول کے بعد، ہفتے کے دن، یا، بعض صورتوں میں، اسکول کے دن کے آغاز سے پہلے وہ کن چیزوں کی پیشکش کر سکتے ہیں۔ اگر آپ کے بچے کے اسکول کی جانب سے آپ سے رابطہ نہیں کیا گیا، تو آپ خود ان سے رابطہ کریں اور ان سے اس بارے میں تبادلہ خیال کرنے کی درخواست کریں کہ آپ کے بچے کی ضروریات کیا ہیں۔ اگر یہ شیڈول آپ کے خاندان کے لیے مناسب نہیں ہے، تو sers@schools.nyc.gov پر ای میل کریں اور SERS کی موصولی کے کسی دوسرے طریقہ کار کی درخواست کریں۔

سروسز کی پیشکش کب کی جاتی ہے؟

ہر اسکول SERS کے لیے اپنا شیڈول طے کرتا ہے۔ انہیں درج ذیل طریقوں سے پیش کیا جا سکتا ہے:

- اسکول سے پہلے
- اسکول کے بعد
- ہفتے کے دن
- فاصلاتی طور پر

اگر اسکول کے پیش کردہ اوقات آپ کے لیے مناسب نہیں ہیں، تو انہیں آگاہ کریں۔ آپ کوئی اور حل نکال سکتے ہیں یا پھر اسکول آپ کو بیرونی فراہم کاران کے لیے استعمال کرنے کے سلسلے میں تدریسی عمل اور متعلقہ سروسز کے اجازت ناموں (Related Services Authorizations) (RSAs) کے لیے P3s نامی واؤچرز کی پیشکش کر سکتا ہے، تاہم وہ فراہم کاران آپ کو خود تلاش کرنے ہوں گے۔ اگر اسکول آپ کو کوئی ایسی متبادل پیشکش نہیں کرتا جو آپ اور آپ کے طالب علم کے لیے کارآمد ثابت ہو، تو آپ کو sers@schools.nyc.gov پر ای میل بھیجنی چاہیئے۔

بس سروس کی کیا صورت حال ہو گی؟

کو خصوصی تعلیمی DOE پر بس سروس کی سہولت میسر ہے، تو IEP اگر آپ کے بچے کو ان کے کی جانب سے ایسا کوئی اقدام DOE ،بحالی سروسز کو بس سروس فراہم کرنی چاہیئے۔ تاہم، تاحال اور دیگر قسم کے سفر کے لیے MetroCards نہیں اٹھایا گیا، اس کے بجائے ان کی جانب سے معاوضے کی باز ادائیگی کی پیشکش کی جاتی ہے، لیکن آپ یا کسی دوسرے نگہداشت کار کو اپنے بچے کے ہمراہ جانا ہو گا۔

DOE کا کہنا ہے کہ وہ SERS موصول کرنے والے بچوں کے لیے اسکول کے بعد کے اوقات میں بس سروس کا انتظام کرنے پر کام کر رہے ہیں۔ اگر آپ کے بچے کو SERS میں شامل ہونے کے لیے بس سروس کی ضرورت ہے، تو اسکول کو تحریری صورت میں اس سے آگاہ کریں۔

آپ کے بچے کو جو پیشکش کی گئی اگر آپ اس پر متفق نہ ہوں تو کیا ہو گا؟

اگر آپ اس پیشکش سے متفق نہیں ہوتے، جو اسکول کی جانب سے آپ کے بچے کو کی جا رہی ہے یا آپ کے بچے کے لیے مقرر کیے گئے اوقات اس کے لیے مناسب نہ ہوں، تو اسکول کے عملے کو تحریری شکل میں آگاہ کریں۔ جو آپ طلب کر رہے ہیں، اس بارے میں کسی تذبذب کا شکار نہ ہوں۔ آپ اپنے بچے کی ضروریات کی تفصیل بیان کرنے کے لیے IEP ملاقات کی درخواست بھی کر سکتے ہیں۔

آپ فاصلاتی تدریس کی تیاری کی خاطر اضافی سروسز کی درخواست کرنے کے لیے sers@schools.nyc.gov پر ای میل بھیج سکتے ہیں یا 311 پر کال بھی کر سکتے ہیں۔ آخر میں، آپ تلافی کی سروسز کی درخواست کر سکتے ہیں۔ تلافی کی سروسز کا DOE کے مناسب پروگرام یا سروسز کی فراہمی میں ناکامی کی صورت میں اہتمام کیا جاتا ہے اور ان میں ہر وہ چیز شامل ہو سکتی ہے جو آپ کے بچے کو اس کی تیاری کے لیے درکار ہو۔ آپ SERS سروسز کی منظوری کے باوجود بھی تلافی کی سروسز کی درخواست کر سکتے ہیں۔ آپ کو تلافی کی سروسز کے لیے پہلے اسکول سے درخواست کرنی چاہیئے، تاہم اگر وہ اسے نامنظور کرتے ہیں، تو اس صورت میں آپ کو ان کے حصول کے لیے ایک غیر جانبدارانہ سماعت کے لیے اندراج کروانا پڑ سکتا ہے۔

Advocates for Children of New York, Inc.
151 West 30th Street, 5th Floor, New York, NY 10001
جِل چیفیٹز (Chaifetz Education) ایجوکیشن ہیلپ لائن:
1-866-427-6033 (ٹول فری)، پیر-جمعرات صبح 10 بجے- سہ پہر 4 بجے
www.advocatesforchildren.org

یہ تجویزی پرچہ کسی قانونی مشورے کی حیثیت نہیں رکھتا۔ اس رہنما کتابچے میں AFC کی رائے بیان کیے بغیر موجودہ پالیسیوں یا قوانین کا خلاصہ بیان کرنے کی کوشش کی گئی ہے۔ اگر آپ کو کوئی قانونی مسئلہ درپیش ہو، تو براہ کرم کسی اٹارنی جنرل یا وکیل سے رابطہ کریں۔
کاپی رائیٹ © مارچ 2022 منجانب وکلاء برائے نیویارک کے اطفال، انکارپوریشن۔